39

آیات نمبر 254 تا 257 میں انفاق فی سبیل اللہ کی تلقین اور آیت الکرسی جس کا موضوع
توحید ہے اور قرآن کی عظیم آیت ہے، نیز یہ کہ دین کے معاملہ میں جبر نہیں ہے، جو کوئی
ایمان لائے گا سو اپنے ہی فائدہ کے لئے ایمان لائے گا اور یہ کہ اہل ایمان کا حامی و مددگار اللہ
ہے اور کافروں کا حامی و مددگار شیطان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا
بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۲۵۴ اے ایمان
والو! جو کچھ ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے اس دن کے آنے سے پہلے اللہ کی راہ
میں خرچ کرلو، جس دن نہ کوئی خرید و فروخت ہو گی اور نہ کوئی دوستی کام آئے گی اور
نہ کوئی سفارش چلے گی، اور انکار کرنے والے ہی ظالم و نافرمان ہیں تمام مال و دولت اللہ
ہی کا عطا کردہ ہے اور یہ انسان کی آزمائش کے لئے ہے۔ اس بات کی ترغیب دی گئی ہے کہ یہی
وقت ہے جب زیادہ سے زیادہ مال اللہ کی راہ میں خرچ کر کے جنت کی دائمی نعمتیں حاصل کی جاسکتی
ہیں کہ مال کا یہی بہترین مصرف ہے، اس دنیا سے جانے کے بعد انسان اپنے اس مال سے فائدہ
نہیں اٹھا سکتا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْـحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ
اللہ وہ ہستی ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔
وہ خود قائم رہنے والا اور دوسروں کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اس پر اُونگھ طاری ہوتی ہے
اور نہ نیند لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو
کچھ زمین میں ہے سب اسی کی ملکیت ہے مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِهٖ ۭ ایسا کون ہے جو اس کی بارگاہ میں اس کی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر

سکے؟ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ
اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ جو کچھ لوگوں کے سامنے ہو رہا ہے وہ اسے بھی جانتا ہے اور جو کچھ ان
کے بعد ہونے والا ہے وہ اسے بھی جانتا ہے، اور وہ لوگ اس کی معلومات میں سے کسی چیز کا
بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی حکومت تمام آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی
ہے، اور اللہ پر اس زمین و آسمان کی نگہبانی ہرگز گراں نہیں، وہی سب سے بلند مرتبہ اور
بڑی عظمت والا ہے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ دین کے
بارے میں کوئی زبردستی نہیں، بیشک ہدایت کی راہ گمراہی کی راہ سے نمایاں اور ممتاز ہو
چکی ہے فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ سو جس شخص نے تمام معبودانِ
باطلہ کا انکار کیا اور اللہ پر ایمان لے آیا تو اس نے ایک ایسے مضبوط حلقہ کا سہارا تھام لیا جس
کا ٹوٹنا ممکن نہیں، اور اللہ خوب سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ۬ جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کا حامی و
مددگار اللہ ہے وہ انہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا ہے وَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ اور جو لوگ کافر ہیں ان کے حامی و مددگار
شیاطین ہیں وہ انہیں روشنی سے نکال کر تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں، یہی لوگ آگ
میں جانے والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے رکوع [۳۴]

[# 39]

In verses 254 to 257, the encouragement for the charity. Ayat al-Kursi, which is a great verse of the Qur'an, whose subject is monotheism. clarification that there is no coercion in the matter of religion. And that the supporter and helper of the believers is Allah, and the supporter and helper of the disbelievers is Satan

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَ الْكٰفِرُوْنَ
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٥٤﴾

O you who believe, spend from what We have provided for you, before there comes a Day, in which there is no trading, no friendship and no intercession. And the disbelievers - they are the wrongdoers.

All wealth and possessions belong to Allah and are given to mankind as a test. This encourages the idea that it is a time to spend as much as possible in the way of Allah, in order to attain the eternal blessings of paradise. The best use of wealth is to spend it for the sake of Allah. After departing from this world, a person cannot benefit from his wealth anymore.

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ
Allah—there is no God except Him, and He is ever-living. He is self-sustaining [and sustains all others]. Slumber does not overtake Him, nor sleep.
لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ
To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is on earth.
مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ
Who is he that can intercede with Him, except by His permission?

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾

He knows what is before them, and what is behind them. And they cannot grasp any of His knowledge, except as He wills. His Throne extends over the heavens and the earth, and their preservation does not burden Him. He is the Ever Exalted, the Most Magnificent.

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ

There is no coercion in religion; indeed, right path has become distinct from the wrong path.

فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَ يُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ
بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى ۚ لَا انۡفِصَامَ لَهَا ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۵۶﴾

So, whoever disbelieves in false gods and believes in Allah has certainly grasped the most trustworthy handhold that will never break. And Allah is All-Hearing and All-Knowing.

اَللّٰهُ وَلِىُّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ يُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوۡرِ ؕ

Allah is the Patron of those who believe, He brings them out from the veils of darkness into the light.

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ
النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ركوع [٣٤]

And those who disbelieve, their allies are the devils. They bring them out of the light into the veils of darkness. These are the Companions of the Fire; they will remain there forever.